Government of Karnataka

حکومت کرناٹک

گلشنِ اُردو

GULSHAN-E-URDU

4

Fourth Standard

PART-1

چوتھی جماعت کے لئے
درسی کتاب مع مشقیہ

حصّۂ اوّل

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

نصابی کمیٹی برائے چوتھی جماعت

1۔ ڈاکٹر عبدالرب استادؔ ایم۔اے، ایم فل، پی ایچ ڈی — چیرمین
ایسوسی ایٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اُردو، فارسی کلبرگی یونیورسٹی، کلبرگی

2۔ محترم سید علیم اللہ ایم۔اے، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ ٹیچر الامین ملک ریحان اُردو گرلس ہائی اسکول، سرا، (ضلع ٹمکور)

3۔ محترم محمد حسین اطہر ایم۔اے، ایم فل، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ ٹیچر، گورنمنٹ جونیر کالج کدور ما گڑی، رام نگرم

4۔ محترمہ عابدہ بانو ایم۔اے، بی ایڈ — رکن
لکچرار، گورنمنٹ مہاراجا ز پی یو کالج، نظر آباد، میسورو

5۔ محترمہ انیس فاطمہ اے باغائیت ایم۔اے، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ مسٹرس، گورنمنٹ گرلز جونیر کالج / ہائی اسکول سکشن ننجنگڈ، (ضلع میسورو)

6۔ محترم یونس ملّا ایم۔اے، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ ٹیچر، گورنمنٹ اُردو ہائر پرائمری اسکول، چکیّر ور، ہرے کیرور تعلقہ (ضلع ہاویری)

7۔ محترم گلزار ڈی۔ایم۔سی، ڈی۔الف۔اے، — مصور
ڈرائنگ ٹیچر، گورنمنٹ ہائی اسکول، دوڈ شیوارا، مالور تعلقہ

8۔ ڈاکٹر کوثر فاطمہ ایم۔اے، ایم فل، پی ایچ ڈی — تنقیح کار
اسوسی ایٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج، کلبرگی

ایڈیٹوریل بورڈ

- ڈاکٹرمہ نور زمانی بیگم، سابق صدر شعبۂ اُردو بنگلور یونیورسٹی بنگلورو۔
- ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، سابق صدر شعبۂ اُردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی میسورو۔

صلاح کار

☆ شری ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈ مبٹری تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شریمتی ناگامنی۔سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries- integrated knowledge and the joy of learning.
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely. Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life. Textbooks for students X have a special significance. As any other new textbook they help learners' master skills and competencies and at the same time there is going to be a public examination based on them.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

پیش لفظ

حکومت کرناٹک کی سوسائٹی برائے درسی کُتب بنگلورو۔ ین سی ایف 2005ء کے تحت مختلف جماعتوں کے لئے درسی کُتب کی تیاری کا پروگرام ترتیب دیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت چوتھی جماعت کے لئے اُردو زبان اول کی کتاب مرتب کی گئی ہے۔

درسی کتب کمیٹی کے جملہ اراکین نے سوسائٹی کی جانب سے فراہم کردہ نصاب کی روشنی میں اسباق اور منظومات تیار کئے ہیں۔ حکام اعلیٰ کی ہدایات کے مطابق بالخصوص بچوں کی نفسیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور اُن میں تخلیقی جذبے کو اُبھارنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔

اسباق میں عام طور پر مستعمل انگریزی اور سائنسی لفظیات کو برتا گیا ہے تاکہ بچوں کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہو۔ مشقیں جاذب اور آسان بنائی گئی ہیں۔ مشقوں کی تیاری میں ین سی ای آر ٹی کے رہنمایانہ خطوط کو پیش نظر رکھتے ہوئے زمانی اعتبار سے میل کھانے والے اُصولوں کو اپنایا گیا ہے، اس اُمید کے ساتھ کہ آئندہ مسابقتی امتحانات کی راہ ہموار ہو اور طلبا و طالبات کی ہمہ جہتی علمی و ذہنی نشوونما ہوتی رہے۔

آخر میں جمیع اراکین ڈائرکٹر ڈپٹی، ڈائرکٹر، اسسٹنٹ ڈائرکٹر اور نگران کار درسی کتب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انھوں نے اس کتاب کی تیاری میں ہر طرح سے ساتھ دیا اور آسانیاں بہم پہنچائیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

مجالسِ نظرِثانی برائے نصابی کتاب

صدرِمجالس:

پروفیسر برگورراماچندرپّا: مجلس نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-85

مجالسِ نظرثانی

صدر:

پروفیسر سی۔سید خلیل احمد: چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اُردو کویمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیواموگا-577203

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناءاللہ : اسوسی ایٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اُردو، سہیادری سائنس کالج شیواموگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین : ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اُردو اور دیگر اقلیتی لسانی مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار : ایل آئی جی، 83-جال نگر، وجئے پورہ - 586101

جناب اختر سہیل : معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسورو -570001

محترمہ مہرالنساء بیگم کے، مکاندار : اُردو معلّمہ، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ

محترمہ سائرہ بانو : معاون معلّمہ گورنمنٹ مسلم ریسیڈنشیل اسکول، سری رنگا پٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ حبیبہ خانم : معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، ایم کے محلہ، رام نگر-562159

محترمہ شمع پروین سوداگر : معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری 581110

اعلیٰ مجالسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین : وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 13/1، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560007

پروفیسر محمد اعظم شاہد : پروفیسر گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560094

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروگرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ಧರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಅನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಅನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಅನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೮೫

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)

Y6E5X1

فہرست

نمبر شمار	اسباق	شعراء اور مصنفین	صفحہ نمبر
1	حمد	مولانا شاہ ابوالحسن ادیبؔ	1
2	نعت	ڈاکٹر صغری عالمؔ	6
3	اخلاقیات	ادارہ	10
4	بدن کی صفائی	ادارہ	16
5	ریچھ کی دوستی	ادارہ	24
6	اُردو	زاہد الحسن زاہدؔ	31
7	ٹیلی ویژن	ادارہ	36
8	موٹرسیکل	علی سعیدؔ	44
9	امرود	ادارہ	48

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق 1:

حمد

H6A7W5

مولانا شاہ ابوالحسن ادیبؔ

بگڑی سب کی بنانے والے　　میرے کام بھی تیرے حوالے
ہر ذرّے میں جلوہ تیرا　　پھیلے ہر سو تیرے اُجالے
ایک تیری ہی ذات ہے جس کو　　ہم ہیں سجدہ کر نے والے
تیری قدرت کے ہیں مظہر　　چاند ستارے ندی نالے
کشتی پار لگا دے میری　　کشتی پار لگانے والے
گمراہوں کا ہاتھ پکڑ لے　　او بخشش فرمانے والے
چھوٹ گیا جب تیرا دامن　　گرتے کو پھر کون سنبھالے

تیری کھوج میں ہم کیا نکلے
پھول بنے سب پانو کے چھالے

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. سوچیے اور سمجھیے:

بگڑی	=	پھوٹی قسمت	جلوہ	=	نور
مظہر	=	ظاہر ہونے والا	بخشش	=	معافی
گمراہ	=	بھٹک جانا	کھوج	=	تلاش
چھالے	=	زخم	سنبھالے	=	تھام لینا
دامن	=	آنچل (کُرتے کا کنارا)	پانو	=	پاؤں
ہرسو	=	ہر طرف			

II. غلط اور صحیح جملوں کی نشاندہی کیجیے۔

1- بگڑی سب کی بنانے والا اللہ ہے۔ ( )
2- پتے بنے سب پانو کے چھالے ( )
3- گرتے کو سنبھالنے والا اللہ ہے۔ ( )
4- چھوٹ گیا جب اس کا دامن۔ ( )
5- تیری قدرت کے ہیں مظہر۔ ( )

II. جوڑ لگایئے:

الف	ب
1- ہر ذرّے میں جلوہ تیرا	ہم ہیں سجدہ کرنے والے
2- کشتی پار لگا دے میری	او بخشش فرمانے والے
3- گمراہوں کا ہاتھ پکڑ ے	پھیلے ہر سو تیرے اجالے
4- ایک تیری ہی ذات ہے جس کو	کشتی پار لگانے والے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے۔

(سنبھالے ، جلوہ ، سجدہ ، لگادے)

1- کشتی پار ــــــــــــــــــ میری

2- گرتے کو پھر کون ــــــــــــــــــ

3- ایک تیری ہی ذات ہے جس کو ہم ہیں ــــــــــــــــــ کرنے والے

4- ہر ذرّے میں ــــــــــــــــــ تیرا

V. ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- سب کی بگڑی بنانے والا کون ہے؟

2- ہر طرف کیا پھیلا ہوا ہے؟

3- اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظہر کیا کیا ہیں؟

4- کشتی پار لگانے سے شاعر کا مطلب کیا ہے؟

V. ان الفاظ کے واحد، جمع لکھئے۔

واحد		ندی		اُجالا		پھول		کشتی
جمع	ذرے		جلوے		بخششیں		سجدے	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. درج ذیل الفاظ کی لڑیوں میں جو اسم ہیں ان کے گرد دائرہ بنائیے۔

☆	ذات	بگڑی	ذرّہ	جلوہ	اجالے
☆	سجدہ	کام	حوالے	بنانے	قدرت
☆	کشتی	مظہر	گمراہ	بخشش	فرمانے
☆	چاند	پار	تیری	میری	ستارے
☆	ندی	ہاتھ	چھوٹ	دامن	نالے

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس نظم میں استعمال کیے گئے ہم وزن الفاظ (قافیے)

حوالے، اُجالے، والے، سنبھالے، نالے، چھالے

عملی کام

اس ''حمد'' کو ترنّم سے پڑھنے کی مشق کیجیے۔

اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو حمد کہتے ہیں۔ جس میں اللہ کی کبریائی اور اس کے مختلف اسمائے حسنیٰ کا بھی ذکر ہوتا ہے۔

قواعد

I. مثال کے مطابق الفاظ بنایئے۔



مثال: ف + ر + ض = فرض

1- ___ + ___ + ___ = ___

2- ___ + ___ + ___ = ___

3- ___ + ___ + ___ = ___

II. مثال کے مطابق الفاظ بنایئے۔

مثال: م + و + ر + ت = مورت



1- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

2- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

3- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

III. مثال کے مطابق الفاظ بنایئے۔

مثال: ش + ا + ط + ر = شاطر



1- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

2- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

3- ___ + ___ + ___ + ___ = ___

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:02

نعت

ڈاکٹر صغریٰ عالم

ہے معراج پیا کلامِ محمدؐ   ہے شانِ تجلّی پیامِ محمدؐ
خدا ہی نے بخشا ہے نامِ محمدؐ   فرشتوں نے بھیجا سلامِ محمدؐ
یہ کُل کائنات جہاں دو جہاں سب   خدا نے بنائے بنامِ محمدؐ
سرے انتہائے مکاں لا مکاں تک   نہاں ذرّے ذرّے میں نامِ محمدؐ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

I. پڑھیے اور سمجھیے:

تجلّی = نور	بنام = نام سے	کلام = باتیں
پیام = خبر	کائنات = دُنیا	کُل = تمام
ذرّہ = ریزہ	جہاں = دُنیا	

II. غور کیجئے۔

معراج: حضرت محمدؐ کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا۔ اعلیٰ بلند مرتبہ

جہاں = دُنیا، عالم، سنسار   انتہا = آخر، انجام، خاتمہ، حد

لامکاں = جس کا کوئی مکان نہیں، خدائے تعالیٰ کی ذات

III. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے۔

(انتہائے، کائنات، مقام، فرشتوں، شانِ تجلّی، نام)

1- ہے ------------- پیام محمدؐ   2- ------ نے بھیجا سلام محمدؐ

3- یہ کل ---- جہاں دو جہاں سب   4- سرے ---- مکاں لامکاں تک

5- نہاں ذرّے ذرّے میں ---------- محمدؐ

IV. ان سوالات کے جواب لکھئے۔

1- محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کس نے بھیجا؟

2- کلام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شاعر نے کن معنوں میں یاد کیا ہے؟

3- کُل کائنات کس نے بنائی؟

V. ان کی ضِد لکھئے۔

الفاظ	زمین		مکاں		فانی
متضاد		انتہا		نہاں	

VI. ان کے واحد جمع لکھئے۔

1. ذرّہ -----   3. فلک -----

2. فرشتہ ----   4. پیام -----

5. شئے -----

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

VII. درج ذیل چوکھٹے سے حروف چن کر مناسب الفاظ بنائیے:

ت	ع	ن	م	ا	ب
ل	ز	ا	ق	ر	و
م	ا	م	ا	و	د
ں	ا	ک	م	ا	ل
ج	ا	ر	ع	م	
ت	ا	ن	ء	ا	ک

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

1- ____________ 6- ____________

2- ____________ 7- ____________

3- ____________ 8- ____________

4- ____________ 9- ____________

5- ____________ 10- ____________

VIII. مثال کے مطابق خاکے میں دیئے گئے حروف کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ بنائیے۔





مثال:۔ ش + ک + ا + ر = شکار ------------------



------------------ ------------------

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف اور شان میں لکھی جانے والی نظم کو نعت کہتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق: 03

اخلاقیات

P9Q6J2

پیارے بچو! ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری پیغمبر ہیں۔ آپؐ سے پہلے جتنے پیغمبر آئے انھوں نے لوگوں کو آپس میں پیار و محبت سے پیش آنے اور مل جل کر رہنے کا سبق دیا۔

آپؐ نے بھی لوگوں کو پیار و محبت سے رہنے اور ہمیشہ سچ بولنے کی تاکید کی۔ غریبوں، بے کسوں، یتیموں اور مسکینوں سے ہمدردی کا سلوک فرمایا۔ اپنے عمدہ اخلاق اور اعلیٰ کردار سے انسانیت کا سبق دیا۔ اس کے باوجود لوگوں نے آپؐ کو بہت ستایا، دکھ دیا اور طرح طرح کی تکلیفیں دیں مگر آپؐ نے ہمیشہ صبر سے کام لیا اور ہر ایک کی مدد کی۔ یہاں تک کہ آپؐ کو جنھوں نے ستایا ان سے بھی اچھا سلوک فرمایا اور ان سے ہمدردی کی۔ آپؐ کی ساری زندگی حسنِ اخلاق کا نمونہ تھی۔ ایک واقعہ مشہور ہے۔

آپؐ کے آنے جانے کے راستے میں ایک بڑھیا کا گھر تھا۔ وہ بڑھیا لوگوں کے بہکاوے میں آ کر آپؐ سے نفرت کرنے لگی۔ نفرت اس حد تک کہ آپؐ جب بھی اس کے گھر کے سامنے سے گزرتے وہ آپؐ پر کچرا، کوڑا وغیرہ پھینکتی تھی۔ آپؐ نے کبھی بُرا نہیں مانا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

اپنے کپڑے صاف کر لیتے اور خاموش نکل جاتے۔ اب اس بڑھیا نے روزانہ آپؐ پر کچرا پھینکنا شروع کر دیا۔ آپؐ خاموش گذر جاتے نہ اس کو کچھ کہتے اور نہ کسی سے اس کی شکایت کرتے۔ اچانک اس بڑھیا کا کچرا پھینکنا بند ہو گیا۔ ایک دن گزرا، دو دن گزرے، جب تین دن گزرے تو آپؐ کو فکر ہوئی، کہ آخر بڑھیا کہاں گئی؟ آپؐ نے اس کے پڑوسیوں سے دریافت فرمایا۔ انھوں نے بتایا کہ وہ تو بیمار ہو گئی ہے اور اس کی خدمت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ آپؐ اسی وقت اس بڑھیا کے پاس چلے گئے۔ اس کی تیمارداری کی، اسے دلاسہ دیا اور اس کی خدمت کرنے لگے۔

آپؐ کے اس عمل سے بڑھیا کی آنکھیں بھر آئیں۔ اس نے اپنے کئے پر شرمندہ ہو کر حضورؐ سے معافی مانگی اور آپؐ کے عمدہ اخلاق کی گرویدہ ہو گئی۔ اب اس کے دل میں نفرت کی بجائے محبت نے جگہ لی اور وہ محبت سے پیش آنے لگی۔

دیکھا بچو آپ نے! آپؐ کے کیسے پاکیزہ اخلاق تھے۔ دشمنوں کو بھی دوست بننے پر مجبور کر دیا۔ ہمیں بھی چاہیئے کہ محبت کو عام اور نفرت کو دلوں سے دور کریں۔

I. پڑھئے اور سمجھئے۔

غریب	=	مفلس
احترام	=	عزت

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

نفرت	=	دشمنی
مسکین	=	غریب، مفلس
دریافت کرنا	=	پوچھنا، معلوم کرنا
اخلاق	=	عادت، طور طریقہ
نادار	=	کمزور، مفلس
محبت	=	دوستی
تیمارداری	=	بیمار کی مزاج پرسی کرنا
دلاسہ دینا	=	ہمت بندھانا

II. سمجھئے۔

پیغمبر = پیغام پہنچانے والا، اللہ کے نبی

ہمدردی = دوسروں کا درد محسوس کرنا۔

III. قوسین میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خانہ پری کیجئے۔

(تاکید، ہمدردی ، حسنِ اخلاق، گرویدہ، صبر)

1- آپؐ نے لوگوں کو ہمیشہ سچ بولنے کی ------- کی۔

2- آپؐ نے یتیموں اور مسکینوں سے ------- کا سلوک فرمایا۔

3- آپؐ کی ساری زندگی ------------ کا نمونہ تھی۔

4- آپؐ نے ہمیشہ ------------- سے کام لیا۔

5- بڑھیا آپؐ کے عمدہ اخلاق کی ---------- ہوگئی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. مثال کے مطابق مناسب لفظ کا انتخاب کیجئے اور لکھئے:

(حاکم، ظالم، عالم، جابر، صابر)

مثال:۔ صبر ۔ صبر کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔۔ صابر

جبر ۔ جبر کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔ ________

حکم ۔ حکم دینے والے کو کہا جاتا ہے۔ ________

ظلم ۔ ظلم کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔ ________

علم ۔ علم رکھنے والے کو کہا جاتا ہے۔ ________

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

1- اللہ کے پیغمبروں نے کیا سبق دیا؟

2- آپؐ نے ستانے والوں کے ساتھ کیا سلوک فرمایا؟

3- بڑھیا کا روزانہ کا عمل کیا تھا؟

4- بڑھیا نے کچرا پھینکنا کیوں بند کر دیا؟

5- بڑھیا کے ساتھ آپؐ کا کیا سلوک رہا؟

6- آپؐ کے حسنِ اخلاق پر روشنی ڈالئے۔

VI. مثال کے مطابق مذکر اور مونث لکھئے۔

مذکر	بوڑھا	لڑکا		مرد	
مؤنث	بوڑھی		بچّی		بیٹی

VII. مثال کے مطابق غیر متعلق الفاظ کے اطراف دائرہ بنائیے۔

مثال: مٹی زمین پتھر (تارے)

1- نظر کچرا آنکھ اندھا

2- دوڑنا نیند آرام لیٹنا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VIII. مثال کے مطابق اضداد لکھئے۔

الفاظ	اچھا	غریب	محبت	دعا	چھوٹا	اعلیٰ
اضداد	برا					

IX. قوسین میں دئے گئے مناسب الفاظ استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل عبارت کو مکمل کیجئے:

(حق، واقعات، بےانتہا ، دونوں ، تشریف ، مناظر ، رحمت عالمؐ،
غریب ، قصہ ، اولاد ، کھجور، محفوظ)

ایک مرتبہ ایک بہت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عورت حضرت عائشہؓ کے پاس آئی۔دو چھوٹی چھوٹی لڑکیاں بھی ساتھ تھیں۔گھر میں اس وقت کچھ نہ تھا۔بس ایک ۔۔۔۔۔۔زمین پر پڑی ہوئی تھی۔وہی اٹھا کر دے دی۔عورت نے کھجور کے دو ٹکڑے کئے اور۔۔۔بچیوں کو دے دئے ۔۔۔۔۔۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب باہر۔۔۔۔لائے تو حضرت عاشہؓ نے غریب عورت کا ۔۔۔۔بیان کیا۔سن کر فرمایا جس کو خدا ۔۔۔۔کی محبت میں ڈالے اور ان کا ۔۔۔۔بجا لائے وہ دوزخ کی آگ سے ۔۔۔۔۔۔۔رہے گا۔ماں بچوّں کی محبت کے ۔۔۔۔۔سن کر اور اس قسم کے ۔۔۔۔دیکھ کر آپؐ متاثر ہوئے تھے۔

معلومات: ☆ اچھے اخلاق سے دلوں کو جیتا جا سکتا ہے۔ ☆ اچھے اخلاق اور کردار آدمی کو انسان بناتے ہیں۔
☆ اچھی سوچ انسان کو اچھا بناتی ہے۔

چند پیغمبروں کے نام

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت نوح علیہ السلام	حضرت ابراہیم علیہ السلام
حضرت اسمٰعیل علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت موسیٰ علیہ السلام
حضرت داؤد علیہ السلام	حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت یونس علیہ السلام
حضرت ایوب علیہ السلام	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بچوں میں اخلاقیات سے متعلق معلومات آفریں حکایات اور انبیاء کے واقعات پڑھ کر سنائیں۔

بہادر وہ نہیں جو دشمن کو میدان جنگ میں پچھاڑ دے
بہادر وہ ہے جو صبر اور حُسنِ اَخلاق سے دشمن کا دل جیت لے۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

K3V4S8

سبق: 04

بدن کی صفائی

''امّی۔۔امّی! ابّا روزانہ اخبار کیوں پڑھتے ہیں؟''

''ارے بیٹا۔اس سے دنیا بھر کی خبریں حاصل ہوتی ہیں۔دنیا میں اور ہمارے ماحول میں کیا ہو رہا ہے۔اسی سے تو پتہ چلتا ہے۔''

اتنے میں ابّا نے آواز دی۔''ارے او عابدہ کی امّی۔''

''اِدھر آؤ تو' دیکھو آج کی خبر' ہیضہ کی وجہ سے بہت سارے لوگ بیمار ہو گئے اور مریضوں سے اسپتال بھر گئے ہیں''۔۔۔۔۔۔!

NOT TO BE REPUBLISHED

کلیم اور عابدہ اپنی ماں کے ساتھ آئے۔کلیم نے ابّا سے پوچھا۔''یہ بیماری کس لئے آتی ہے۔؟''

ابّا نے سمجھا تے ہو ئے کہا ۔'' دیکھو بچو ہیضہ جسے انگریزی میں کا لرا Cholera بھی کہتے ہیں،اس کی اصل وجہ ہے گندگی ،اگر ہمارے ماحول کو گندگی سے صاف رکھا گیا تو یہ بیماری نہیں آتی۔''

کلیم نے پوچھا''ماحول کو کیسے صاف رکھا جاتا ہے۔''

ماں نے کہا'' بیٹا! ماحول کو صاف رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ خود کو پاک و صاف رکھیں اور بدن کی صفائی کا خیال رکھیں۔''

عابدہ نے پوچھا۔''وہ کیسے؟''

ماں نے کہا۔''ہاں تو سنو! اللہ نے ہم کو بہت ساری نعمتوں سے نوازا ہے۔جیسے آنکھ،کان،ناک،دانت،بال،ہاتھ،پاؤں وغیرہ۔ان کو اعضائے بدن کہتے ہیں۔ ان کی صفائی ہی بدن کی صفائی کہلاتی ہے۔ان کی صحیح دیکھ بھال کرتے ہوئے اللہ کی ان نعمتوں کا ہم شکرادا کر سکتے ہیں۔''

''سر کے بال،تیل ڈالنے اور کنگھی کرنے سے اچھے بھی لگتے ہیں اور تندرست

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بھی رہتے ہیں۔بکھرے ہوئے بال کسی کو بھی اچھے نہیں لگتے۔ دانت ہمارے لئے کس قدر ضروری ہیں، جانتے ہو؟''

NOT TO BE REPUBLISHED

عابدہ نے کہا۔''جی ہم سب، مونگ پھلی، چنے، روٹی وغیرہ تو دانتوں سے ہی چبا کر کھاتے ہیں۔''

''اور آئس کریم ٹافی بھی''، کلیم نے کہا۔

''ہاں ہاں۔۔۔بچو! دیکھو یہ سب کھانے کے بعد ان کے باریک ذرّات ہمارے دانتوں میں رہ جاتے ہیں اور وہ سڑن پیدا کرتے ہیں۔جس سے ہمارے منہ

میں بدبو پیدا ہوتی ہے اور صحت بھی خراب ہوتی ہے۔ اس لئے ہمیں برش، مسواک یا منجن سے دانتوں کو صاف کرنا چاہئے جس سے ہمارے دانت صاف بھی رہیں گے اور صحت مند بھی۔"

"اسی طرح ہاتھوں کو بھی صاف وستھرا رکھنا چاہئے کیوں کہ کھیل کود یا لکھتے پڑھتے وقت ہمارے ہاتھوں پر گرد جمتی ہے اور ناخن میں تو میل بیٹھ ہی جاتا ہے۔

ہر ہفتہ ناخن تراشنے سے ان میں گندگی نہیں رہتی۔ اس کے ساتھ ہم جب بھی منھ دھوتے ہیں تو ناک بھی صاف کرلینا چاہئے۔"

"۔۔۔اور ہاں ہم جو کپڑے پہنتے ہیں وہ بھی صاف ستھرے ہونے چاہئے۔ تو اب بتاؤ بچو! آپ کو کن کن باتوں کا خیال رکھنا ہے؟"

عابدہ نے کہا۔"جی" امّی ، ہم کو صاف ستھرے رہنا چاہئے۔ دانتوں اور ہاتھوں کی صفائی کرنی چاہئے۔"

کلیم ۔" اور ہمیں اپنے بالوں کا خیال رکھنا ہے اور کپڑے بھی صاف ستھرے۔۔۔"

"اور دیکھو روزانہ دانت اور آنکھ کی صفائی کے ساتھ نہانا بھی چاہئے۔"

"واہ۔ شاباش۔ بہت اچھے۔"

NOT TO BE REPUBLISHED
@ITBS

I. پڑھئے اور سمجھئے۔

ٹافی = چاکلیٹ

ذرّے = ٹکڑے

تندرست = صحت مند

نعمت = مال ودولت

کالرا = Cholera، ہیضہ

اخبار = نیوز پیپر، روزنامہ، جس میں خبریں ہوتی ہیں

ماحول = اطراف واکناف، اردگرد کی حالت

ہیضہ = وہ بیماری جس میں دست وقے ہوتے ہیں

نوازنا = عنایت کرنا، دینا

II. ان میں کس چیز کا استعمال مناسب ہے؟ صحیح (✓) کا نشان لگائے۔

1- دانتوں کے لئے۔	مسواک ☐	صابن ☐	تیل ☐	دودھ ☐
2- بالوں کے لئے۔	مسواک ☐	دودھ ☐	کنگھی ☐	سرمہ ☐
3- ہاتھ دھونے کے لئے	تیل ☐	برش ☐	کنگی ☐	پانی ☐
4- نہانے کے لئے	حمام ☐	باورچی خانہ ☐	بیت الخلاء ☐	بیڈروم ☐

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. مناسب جوڑ لگایئے۔

الف			ب
1- اعضائے بدن	a.	سڑن پیدا ہوتی ہے۔
2- دانتوں کی صفائی	b.	بال اچھے اور تندرست رہتے ہیں۔
3- بالوں میں تیل اور کنگی کرنے سے	c.	برش، مسواک، منجن سے کی جاتی ہے۔
4- دانتوں کی گندگی سے	d.	آنکھ، کان، ناک، دانت وغیرہ۔

IV. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- اخبار کون پڑھ رہے تھے؟
2- ہیضہ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
3- اسپتال کن سے بھر گئے؟
4- دانتوں میں سڑن کیسے پیدا ہوتی ہے؟
5- دانتوں کی صفائی کس سے کی جاتی ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1- ماحول کی صفائی کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟
2- بدن کی صفائی میں کن کن اعضاء کی صفائی ضروری ہے؟

VI. ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

واحد	مرض	عضو	ذرہ	فائدہ	نقصان
جمع	امراض				

VII اضداد لکھئے۔

الفاظ	مریض	صفائی	نقصان	بیمار	اچھا
اضداد	صحت مند				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VIII. یہ جملے کس نے، کس سے کہے۔

1- ”دیکھو آج کی خبر“۔

2- ”یہ بیماری کس لئے آتی ہے۔؟“

3- ”اور آئس کریم اور ٹافی بھی“۔

IX. خانہ پری کیجئے۔

1- اخبار میں دنیا بھر کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتی ہیں۔

2- ہیضہ جسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھی کہتے ہیں۔

3- اللہ نے ہم کو بہت ساری۔۔۔۔۔۔۔سے نوازا ہے۔

X. مثال کے مطابق لکھئے۔

مثال: آنکھ : سے ہم دیکھ سکتے ہیں۔

کان: ________________

ناک: ________________

دانت: ________________

ہاتھ: ________________

پاؤں: ________________

عضائے بدن

بدن کے اعضاء ۔ ناک ۔ کان ۔ آنکھ وغیرہ۔

یاد رکھئے:

کیا آپ جانتے ہیں پاکی نصف ایمان ہے۔

عملی کام:

آنکھ، کان، ناک، زبان اور جِلد کو اعضائے حِس کہتے ہیں۔

اپنے استاد کی مدد سے جسم کے اندرونی اعضاء کی فہرست بنائیے۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق: 05

ریچھ کی دوستی



ایک بہادر شخص جنگل میں جا رہا تھا ۔ اس نے ایک ریچھ اور اژدھے کو لڑتے ہوئے دیکھا۔ اس نے دیکھا کہ اژدھا طاقتور ہے اور ریچھ کمزور۔ اژدھا، ریچھ کو اپنے منہ میں لے کر کھینچ رہا ہے۔ اس بہادر شخص نے اژدھے کو مار دیا اور ریچھ کو اس کی گرفت سے آزادی دلائی۔ بہادر شخص کے اس احسان کی وجہ سے ریچھ اس کا ساتھی بن گیا۔

اب دونوں جنگل میں جا رہے تھے ۔ بہادر آدمی کو تھکن کی وجہ سے نیند آرہی تھی۔ وہ ایک سایہ دار درخت کے نیچے لیٹ گیا ۔ ریچھ اس کے قریب بیٹھ گیا۔ وہاں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سے ایک دانا شخص کا گزر ہوا۔ اس نے ریچھ کے ساتھ اس بہادر شخص کو دیکھ کر حال دریافت کیا۔ اس شخص نے اسے سارا قصہ سنایا۔ اور بتایا کہ کس طرح اس نے ریچھ کو

اژدھے کے چنگل سے بچایا تھا۔ اس احسان کی وجہ سے وہ اس کا دوست بن گیا۔

اس دانا شخص نے کہا کہ نادان کی دوستی ٹھیک نہیں ہوتی۔ ریچھ جنگلی جانور ہے اور وہ نادان ہوتا ہے۔ اس لئے تم اسے جنگل میں چھوڑ دو اور میرے ساتھ چلو۔ میں تو تم جیسا

ہوں۔ اس لئے جو بھی سوچوں گا تمہارے حق میں بہتر ہی ہوگا جبکہ اس ریچھ کی دوستی تمہارے لئے نقصان دہ ثابت ہوگی۔ مگر اس بہادر نے اس دانا کی بات نہیں مانی، وہ چلا گیا۔ یہ بہادر شخص درخت کے نیچے سو گیا۔ ریچھ اس کی حفاظت کرنے لگا۔ ریچھ نے دیکھا کہ اس آدمی کے منہ پر مکھیاں آ کر بیٹھ رہی ہیں اور اسے تنگ کر رہی ہیں۔ ریچھ' مکھیوں کو اڑاتا رہا۔ وہ پھر آ کر بیٹھ جاتیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ریچھ نے پھر اُڑا یا۔

مکھیاں پھر آکر بیٹھیں۔ اب ریچھ کو غصہ آگیا۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا۔ وہیں قریب میں ایک بڑا پتھر پڑا ہوا تھا۔

اس نے پتھر اٹھایا اور مکھیوں کو نشانہ لگا کر مارا۔ مکھیاں تو اڑ گئیں مگر اس بہادر شخص کا سر پھٹ گیا اور وہیں ڈھیر ہوگیا۔ اس لئے کہتے ہیں کہ ”نادان کی دوستی ٹھیک نہیں ہوتی“

بے وقوف کی دوستی انسان کونقصان پہنچاتی ہے

I. پڑھیے اور سمجھیے۔

ریچھ	=	بھالو، جنگلی جانور	ڈھیر ہوجانا	=	مرجانا، بے جان ہونا
حفاظت	=	نگرانی، بچاؤ	اژدھا	=	بڑا سانپ، اجگر
نادان	=	ناسمجھ، بے وقوف	دریافت	=	پوچھنا، تلاش کرنا
گرفت	=	پکڑ	آزادی	=	رہائی
احسان	=	نیکی ، بھلائی	دانا	=	سمجھدار
چنگل	=	پنجہ	شخص	=	آدمی، فرد

II. صحیح جواب پر نشان لگائیے۔

1- بہادر شخص کہاں جا رہا تھا؟

گھر میں	جنگل میں	شہر میں

2- اژدھے نے ریچھ کو کس میں پکڑا تھا؟

کمر میں	دُم میں	منہ میں

3- ریچھ کو اژدھے سے کس نے بچایا؟

کمزور نے	بہادر نے	دانا نے

4- بہادر آدمی کہاں لیٹ گیا؟

درخت کے نیچے	چھت کے نیچے	غار کے اندر

5- بہادر آدمی کے منہ پر کیا بیٹھ رہی تھیں۔

جھینگر	مکھّیاں	مچھر

III. ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- بہادر شخص نے کس کو لڑتے دیکھا؟

2- بہادر آدمی کو نیند کیوں آئی؟

3- اس جنگل سے کس کا گذر ہوا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4- بہادر آدمی کی حفاظت کون کر رہا تھا؟

IV. ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1- ریچھ اور بہادر شخص میں دوستی کیسے ہوئی؟

2- دانا شخص نے بہادر شخص سے کیا کہا؟

3- بہادر شخص کا سر کیوں پھٹ گیا؟

V. مثال کے مطابق اضداد لکھئے۔

الفاظ	بہادر	دوست	قریب	بے وقوف	جنگل
اضداد	بزدل				

VI. ان کہاوتوں کو غور سے پڑھئے اور سمجھئے۔

1- جس کی لاٹھی اس کی بھینس:

جس کے پاس طاقت ہوتی ہے وہی قابض ہوتا ہے۔

2- جو سویا وہ کھویا، جو جاگا وہ پایا:

غافل نقصان اُٹھاتا ہے اور ہوشیار فائدہ۔

3- کھودا پہاڑ نکلا چوہا:

محنت تو بہت کی مگر محنت کے مطابق صلہ نہیں ملا۔

4- کالا اکشر بھینس برابر:

جسے لکھنا پڑھنا نہ آئے

5- اوکھلی میں دیا سر تو موسلوں کا کیا ڈر:

جب مشکل کام شروع کیا ہے تو اندیشوں سے کیا گھبرانا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

VII. ذیل میں دیئے گئے جملوں کو تصویر کی مدد سے الفاظ لکھ کر مکمل کیجئے۔

1- زیبا کا چہرہ -------جیسا ہے۔

2- جابر کی زبان ------کی طرح چلتی ہے۔

3- اس کا قد  -------جیسا ہے۔

4- وہ -------جیسا وزنی ہے۔

5- انور کا دل  ---------جیسا نرم ہے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

VIII. مثال کے مطابق درج ذیل مذکر کے مونث بنائیے۔

مثال:

دھوبی	مالی	درزی	ابّو	دادا
دھوبن				

IX. مثال کے مطابق لاحقوں کی مدد سے مرکبات بنائیے ۔



1- پان

2- ہوا

3- میلے

4- روشن

5- گل

مثال: پان + دان = پاندان

1- ________ + ________ = ________

2- ________ + ________ = ________

3- ________ + ________ = ________

4- ________ + ________ = ________

دیگر عجیب و غریب اور عقل کو حیران کرنے والی کہانیاں بچوں کو پڑھائی جائیں اور پڑھنے کی ترغیب دی جائے۔

...

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

S7B3F5

سبق: 06

اُردو

ہمیں جان و دل سے ہے پیاری زباں
یہ اردو زباں ہے ہماری زباں

یہ شیریں ، دل آویز ، میٹھی زباں
بہت خوب اور صاف ستھری زباں

بہت ہی سلیس اور آسان ہے
یہی ایک اردو کی پہچان ہے

یہ دنیا میں مقبول ہے آج کل
یہ سب مانتے ہیں کہ ہے بے بدل

ہر ایک صوبہ کرتا ہے اس کو پسند
کہ اردو زباں کا ہے رتبہ بلند

ہماری دعا ہے چمکتی رہے
یہ اردو زباں ہے دمکتی رہے

(زاہدالحسن زاہدؔ)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھیے اور سمجھیے:

چمکنا دمکنا	=	روشنی دینا
بلند	=	اونچا
بے بدل	=	بے مثال جس کا کوئی بدل نہ ہو
رتبہ	=	مقام، مرتبہ
شیریں	=	میٹھی
مقبول	=	مشہور، پسندیدہ
سلیس	=	آسان
دل آویز	=	دل میں اترنے والی
صوبہ	=	ریاست - state

II. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1- ہمیں جان و دل سے ہے-------

2- یہ اُردو---------ہے ہماری زبان

3- بہت ہی--------اور آسان ہے

4- یہی ایک--------کی پہچان ہے

5- یہ دنیا میں-----------ہے آج کل

6- یہ سب-------کہ ہے بے بدل

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

III. مناسب لفظ کی مدد سے کہاوت مکمل کیجئے۔

1- ـــــــــــــــــــ تلے اندھیرا

(دیوار ، درخت ، چراغ)

2- حلوائی کی ـــــــ پر دادا جی کی فاتحہ

(قبر ، گھر، دکان)

3- ایک انار ــــــــ بیمار

(سو، پچاس ، ہزار)

4- بوڑھی گھوڑی ــــــ لگام

(سفید، لال، کالی)

IV. ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

1- اردو زبان کس سے پیاری ہے؟

2- اس کی پہچان کیا ہے؟

3- اس کو کون پسند کرتا ہے؟

4- اس نظم میں اردو زبان سے متعلق کیا بتایا گیا ہے؟

V. مثال کے مطابق ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

الفاظ	آسان	میٹھی	دعا	پسند	بلند
اضداد	مشکل				

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

VI. مناسب جوڑ لگایئے۔

الف	ب
1- ہمیں جان و دل سے ہے پیاری زباں	a) یہ سب مانتے ہیں کہ ہے بے بدل
2- بہت ہی سلیس اور آسان ہے	b) کہ اردو زباں کا ہے رتبہ بلند
3- یہ دنیا میں مقبول ہے آج کل	c) یہ اُردو زباں ہے ہماری زباں
4- ہر ایک صوبہ کرتا ہے اس کو پسند	c) یہی ایک اردو کی پہچان ہے

حروفِ تہجی

کسی زبان کی سب سے چھوٹی اکائی کو حرف کہتے ہیں۔ زبان کے تمام حروف کو حروفِ تہجی کہتے ہیں۔ اردو کے حروفِ تہجی بنیادی طور پر عربی حروفِ تہجی سے لئے گئے ہیں۔ ضرورت کے مطابق اس میں اضافے ہوتے رہے۔ عربی کے حروفِ تہجی درج ذیل ہیں۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش

ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ء ی ے

فارسی کے خاص حروفِ تہجی پ چ ژ گ اردو کے خاص حروفِ تہجی ٹ ڈ ڑ

عملی کام:

بچوں کو اردو زبان سے متعلق دیگر ترانے اور نظمیں سکھائی جائیں اور ان میں زبان کی اہمیت اور اس کی شیرینی کا احساس دلایا جائے۔

یہ نظم اردو زبان کی شیرینی و لطافت، اس کا رتبہ اور اس کی پہچان کراتی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سمت (رخ) کی پہچان



مثال کے مطابق زبانوں کے نام لکھیے۔

مثال =
ا
ر
د
و
اردو

		ف		
ک		ا		ا
	ن		ر	ر
ڑ		س	ب	د
	ی			و

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

R2Y7A4

سبق: 07

ٹیلی وژن

صدر معلمہ نے کلاس روم میں داخل ہو کر کہا ''بچو! آج ایک نئی استانی صاحبہ آئی ہیں۔ چلو انھیں سلام کرو''

تمام بچوں نے کہا : ''محترمہ۔ تسلیمات''۔

استانی: ''جیتے رہو بچو'' کہہ کر جواب دیا اور اپنا نام فاطمہ بتایا۔ اور کہا ''دیکھو بچو! میں پڑھنے لکھنے کے معاملے میں بہت سخت ہوں۔ جو بھی سستی کرے گا وہ سزا پائے گا''۔

(بچے گھبرا گئے۔ اور ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے، جوں ہی صدر معلمہ چلی گئیں نئی استانی نے کہا۔)

''بچو ڈرو نہیں۔ میں بھلا تم کو کیوں سزا دوں۔ تم سبھی اچھے اور ہوشیار جو ہو۔ چلو آج کچھ باتیں کرلیں۔ پڑھائی کل سے، اچھا اب ایک ایک کر کے اپنا نام بتائیں۔''

(بچوں نے اپنا نام بتایا۔)۔

استانی نے ذیشان سے پوچھا: ''بتاؤ ذیشان تم گھر جا کر کیا کرتے ہو،''

ذیشان نے کہا: ''جی! مس میں گھر پہنچتے ہی سب کو سلام کرتا ہوں اور منہ ہاتھ دھو کر۔۔۔۔۔۔''

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

استانی: ''ہاں۔ہاں۔بتاؤ گھبراؤ نہیں''

ذیشان (ہکلاتے ہوئے): ''جی م م م۔میں۔ٹ ٹ۔ٹی وی۔۔۔''

استانی: ''اچھا تو تم ٹی وی دیکھتے ہو۔تو بتاؤ تمہیں کونسا پروگرام پسند ہے۔''

ذیشان (ہمت کر کے): ''جی مجھے ک ک کارٹون پسند ہے۔''

استانی: ''ہاں بتاؤ۔ڈرو نہیں،اس میں کیا ہوتا ہے۔''

علی نے درمیان میں کہا: ''مس وہ،مکی ماؤس اور بیچ میں ایڈ بھی۔

استانی: ''کیا کہا؟ ایڈ!۔۔۔وہ کیا ہوتا ہے؟''

عظمٰی: مس وہ ایڈورٹائزمنٹ،جس میں موبائیل،کمپیوٹر،گرائنڈر،بیلٹ وغیرہ خریدنے کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔''

استانی: ''ہاں۔واہ بھئی واہ! تم سب تو چھپے رستم نکلے،ٹھیک ہے،تم سب یہ باتیں جانتے ہو۔اب ذرا میری سنو،سنیں گے نا۔۔۔۔!''

تمام بچے: (ایک آواز میں): ''سنیں گے مس''۔

استانی: ''دیکھو بچو! سائنس کی ترقی نے انسان کو بہت ساری چیزیں دی ہیں۔ پہلے زمانے میں ایک دوسرے کو خبر دینے کے لئے خط لکھے جاتے تھے ریڈیو کی ایجاد نے دنیا بھر کی خبروں کو گھر بیٹھے سننے کا انتظام کر دیا' پھر فون اور موبائیل کے ذریعہ ہم دور دراز کے لوگوں سے آسانی سے بات کرنے لگے۔ ٹیلی ویژن کی ایجاد نے ہم کو دنیا کی خبروں سے باخبر کر دیا۔ٹی وی پر سننے کے علاوہ ہر چیز کو دیکھ بھی سکتے ہیں۔ بتاؤ علی تم نے ہاتھ کیوں اُٹھایا؟''

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

علی: ''مس، یہ ٹی وی کس نے ایجاد کی؟''

استانی: ''بہت اچھا سوال کیا؟ آپ بچوں میں سے کوئی جانتا ہے؟ اگر ہاں۔ تو بتاؤ۔

خالد: ''جی مس، میں نے سنا ہے کہ ٹی وی کو جان لوگی بیرڈ نے 1926 میں ایجاد کیا ہے''۔

استانی: ''واہ شاباش۔۔۔تو میں بتا رہی تھی کہ ٹی وی سے ہم نہ صرف سن سکتے ہیں بلکہ دیکھ بھی سکتے ہیں۔ اس میں بہت سے پروگرام جیسے کھیل کے میدان سے، ڈسکوری چینل، فاکس، ہسٹری چینل، جغرافک چینل، کارٹون وغیرہ آتے ہیں، اور ہاں نیوز اور اسلامی چینل بھی، جن سے ہمیں کافی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ بچو! یاد رہے، اس سے جہاں ہمیں معلومات حاصل ہوتی ہیں اور فائدہ ہوتا ہے، وہیں اس کے نقصانات بھی ہیں۔ اگر ہم اسکو قریب بیٹھ کر دیکھیں اور زیادہ دیر تک گھورتے رہیں تو اس میں سے ایک خاص قسم کی روشنی اور شعاعیں نکلتی ہیں جو ہماری آنکھوں کو نقصان پہنچاتی ہیں، اس لئے ٹی وی کو زیادہ دیر تک اور قریب سے نہیں دیکھنا چاہئے اور ہاں ضد بھی نہیں کرنا۔ جب آپ کے امّی ابّا آپ سے کہیں کہ بیٹا چلو اب ٹی وی بند کر دو تو ان کی بات ماننی چاہئے۔ کیوں۔۔۔سنو گے نا؟ چلو آج کے لئے اتنا ہی کافی ہے کل سے ہم اپنا سبق پڑھیں گے۔''

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھئے اور سمجھئے:

صدرِ معلمہ = میر معلمہ
تسلیمات = تسلیم کی جمع، سلام عرض کرتے ہیں
منہ تکنا = ایک دوسرے کا منہ دیکھنا
مکی ماؤس = کارٹونی فلموں کے کردار
ایڈورٹائزمنٹ = اشتہار (انگریزی لفظ)
موبائیل = بغیر تار والا فون
گرائنڈر = مسالہ پیسنے اور جوس نکالنے کی مشین

II. صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

1- صدرِ معلمہ کہاں داخل ہوئیں
(مدرسہ میں، گھر میں، کلاس میں، کمرہ میں)

2- بچوں نے تسلیمات کہا تو جواب میں ٹیچر نے کیا کہا؟
(ہنستے رہو، جیتے رہو، کھیلتے رہو، دوڑتے رہو)

3- استانی کے پوچھنے پر ذیشان نے کیا دیکھتا ہوں کہا؟
(موبائیل، گرائنڈر ، گھڑی ، ٹی وی)

4- استانی نے بچوں کو ٹی وی کہاں سے دیکھنے کو کہا؟
(دور سے ، قریب سے، چھت سے، باہر سے)

III. قوسین میں دئے گئے مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجئے۔

1- تم بھی ــــــــ اور ہوشیار جو ہو۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

2- ۔۔۔۔۔۔کل سے۔

3- تمہیں کونسا۔۔۔۔۔۔پسند ہے؟

4- ہمیشہ ٹی وی کو۔۔۔۔۔۔۔۔سے دیکھنا چاہیئے۔

(پڑھائی، اچھے، قریب، پروگرام، گانے، موسیقی)

IV. یہ جملے کس نے کس سے کہے۔

1- تم سبھی اچھے اور ہوشیار جو ہو۔

2- گھر پہنچ کر سب کو سلام کرتا ہوں۔

3- بھئی تم لوگ تو چھپے رستم نکلے۔

4- مکّی ماؤس اور بیچ میں ایڈ بھی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔

1- ذیشان کو ٹی وی کا کونسا چینل پسند ہے؟

2- نئی استانی کا نام کیا ہے؟

3- ٹی وی دور سے دیکھنا چاہیئے یا قریب سے؟

4- کس کی اجازت سے ٹی وی دیکھنے کو کہا گیا ہے؟

VI. ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1- صدرِ معلمہ نے بچوں سے کیا کہا؟

2- بچوں کو سزا دینے کے بارے میں ٹیچر نے کیا بتایا؟
3- صدرِ معلمہ کے جانے کے بعد ٹیچر نے بچوں سے کیا کہا؟
4- ٹی وی پر دکھائے جانے والے چند پروگراموں کے نام لکھیے۔

VII. ان کی ضِد لکھیے۔

الفاظ	نرم	قریب	سزا	اچھے	پسند	بھلا
ضد	سخت					

VIII. ان کی جمع لکھیے۔

واحد	تسلیم	ایجاد	نقصان	معلوم	اشتہار	معلمہ
جمع	تسلیمات					

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IX. ان الفاظ کا املا لکھوائیں۔

ٹیلی ویژن، موبائیل، گرائنڈر، ایڈورٹائزمنٹ، مکی ماؤس،
ہوشیار ، نقصان، کمپیوٹر ، نقصانات ، شعائیں،
ڈسکوری، فاکس، ہسٹری ، چھپے رستم ، انیمل پلانٹ
نیشنل جیوگرافک چیانل

X. مثال کے مطابق ان سائنسی ایجادات کے نام لکھئے۔

ر	ے	ڈ	ی	و

= ریڈیو

		ب			ل

= ______

ب		ب

= ______

	و				ن

= ______

			ی		ژ	

= ______

عملی کام:

ان تصویروں سے متعلق بچوں سے آسان سوالات پوچھئے اور معلومات فراہم کیجئے۔

1- ریڈیو 2- موبائیل فون 3-ٹی وی 4-کمپیوٹر 5- روبوٹ

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ایجادات	موجد
ریڈیو	مارکونی
موبائیل	مارٹن کوپر
ٹیلی فون	الیگزینڈر گراہم بیل
برقی بلب	تھامس آلوا ایڈسن
دوربین	گیلیلیو
ٹیلی ویژن	جان لوگی بیرڈ

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

سبق: 08

موٹر سائیکل

یہ ہے اپنی موٹر سائیکل　　پیاری پیاری موٹر سائیکل
پھٹ پھٹ پھٹ پھٹ کرتی ہے یہ　　میلوں میلوں چلتی ہے یہ
صبح میں ابّا اس کو چلاتے　　مکتب ہم کو چھوڑ کے جاتے
چھٹّی ہم کو جب ہو جائے　　بھیّا فوراً گھر لے آئے
ابّا امّی اس پر جاتے　　ہم کو بسکٹ ٹافی لاتے
کیچڑ سے جب گندی ہوتی　　بھیّا دھوتے ، دیدی دھوتی
جب بھی اس کو بھوک ہے لگتی　　اپنا منہ یہ بند کرلیتی
اس کی یہ حالت ہے ابتر　　لے جاتے ہیں پٹرول پمپ پر
بھر کر اس کا پیٹ ہیں لاتے　　خوب سواری اِس کی کرتے
جب کوئی پُرزہ اس کا بگڑے　　تبھی میکانک اِس کو بنائے
سائیکل سے یہ تیز ہی دوڑے　　سب کو اپنے پیچھے چھوڑے
کار اور جیپ جہاں نہ پہنچے　　موٹر سائیکل آن میں پہنچے

یہ ہے اپنی موٹر سائیکل
پیاری پیاری موٹر سائیکل

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھیے اور سمجھیے۔

پٹرول پمپ	=	پٹرول ڈالونے کی جگہ، پٹرول بنک
میکانک	=	کل پرزے درست کرنے والا
ابتر	=	بدحال، خراب، خستہ
آن میں	=	فوراً، لمحہ بھر میں
پُرزہ	=	مشین کا حصّہ
مکتب	=	مدرسہ

II. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر خانہ پُری کیجیے۔

1- صبح میں ــــــــــ اس کو چلاتے
(چاچا، بھیّا، ابّا، خالو)

2- ہم کو ــــــــــــــ ٹافی لاتے
(چاکلیٹ، بسکٹ، کیلا، سیب)

3- جب بھی اس کو ــــــــ ہے لگتی
(بھوک، ٹھنڈا، پیاس، لمحہ)

4- ــــــــ ہم کو چھوڑ کے جاتے
(مدرسہ ، بازار، دفتر، مکتب)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. الف اور ب میں مناسب جوڑ لگایئے۔

ب		الف	
خوب سواری اس کی کرتے	a.	کیچڑ سے جب گندی ہوتی	1-
سب کو اپنے پیچھے چھوڑے	b.	بھر کر اس کا پیٹ ہیں لاتے	2-
تب ہی میکانک اس کو بنائے	c.	سائیکل سے یہ تیز ہی دوڑے	3-
بھیّا دھوتے، دیدی دھوتی	d.	جب کوئی پرزہ اس کا بگڑے	4-

IV. صحیح مصرعوں کی نشاندہی (✓) کیجئے۔

1- بھیّا فوراً گھر لے آئے ----------

2- کار اور جیپ وہاں جا پہنچے ----------

3- لے جاتے ہیں سائیکل پمپ پر ----------

4- میلوں میلوں چلتی ہے یہ ----------

V. ان سوالات کے جواب ایک ایک جملے میں لکھئے۔

1- آپ مکتب کس طرح جاتے ہیں؟

2- ابّا اور امّی بازار سے کیا کیا لاتے ہیں؟

3- موٹر سائیکل جب گندی ہو جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

4- موٹر سیکل کا کوئی پرزہ بگڑتا ہے تو کون مرمّت کرتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. مثال کے مطابق ان الفاظ کی ضد لکھیے۔

الفاظ	صبح	ابتر	گندی	جاتے	پیچھے
اضداد	شام				

VII. مثال کے مطابق ان مذکرّ الفاظ کے مونث لکھیے۔

مذکر	ابّا	بھائی	چاچا	والد	خالو
مونث	امّی				

VIII. مثال کے مطابق حرف ''ے'' کی مدد سے ان الفاظ کی جمع بنائیے۔

واحد	پرزہ	لگتا	بگڑا	جاتا	دوڑا
جمع	پرزے				

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام:

دو پہیوں والی گاڑیوں کی تصاویر جمع کیجیے اور ان کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔
دو پہیوں کی سواریوں میں موٹر سائیکل کی تعریف اس کا استعمال اور دیگر سواریوں میں اس کی اہمیت بتائی گئی ہے۔

W5P5G4

سبق:09

امرُود

حامد اور رضیہ مدرسے سے گھر لوٹے تو گھر میں آوازیں آرہی تھیں۔ دونوں گھر میں داخل ہوئے۔ دیکھا تو پھوپھی تھیں۔ دونوں نے سلام کیا اور دوڑ کر لپٹ گئے۔ دونوں نے ایک ساتھ پوچھا۔ ''پھوپھی جان پھوپھی جان۔ عامر اور بتول کہاں ہیں؟'' پھوپھی نے کہا۔ ''بیٹے، وہ تو تم دونوں کے انتظار میں چھت پر بیٹھے ہوئے ہیں۔''

''بھئی کل چھٹی ہے اور موسم بھی امرُود کا ہے۔ ہم نے سوچا کہ آپ کے ہاں چلیں اور پکنک کا پروگرام بنائیں۔ کیونکہ تمہارے ابّو کے باغ میں بہت سارے امرُود کے پیڑ ہیں۔ پکنک کی پکنک ہوگی اور امرود جی بھر کے کھائیں گے۔'' حامد نے کہا۔ ''واو۔ یہ ہوئی نا بات۔ او ہو امی آپ کیا کر رہی ہیں؟ ۔۔۔ ارے بیٹا کل کی تیاری جو کرنی ہے۔''

اگلی صبح سارے گھر والے تیار ہوئے۔ حامد کے ابّو نے گاڑی کا انتظام بھی کیا۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

سب سوار ہوئے اور گاڑی چل پڑی۔ تھوڑی ہی دیر میں باغ پہنچے۔ باغ میں امرود کے بہت سارے پیڑ تھے اور ان پر بہت سارے امرود لگے ہوئے تھے۔ بچّے کھیل کود میں مصروف ہو گئے امّی، پھوپھی اور دادی بیٹھنے اور کھانے کے انتظام میں جُٹ گئے۔ ابوّ ایک طرف کو چل دیئے۔

کھیل کود سے فارغ ہونے کے بعد بچوں نے دیکھا کہ امّی اور پھوپھی نے دسترخوان چُنا ہے۔ دادی ماں ایک طرف بیٹھیں۔ ہر ایک پر نظر رکھی ہوئی ہیں اور ہر شخص کی حرکت کا جائزہ لے رہی ہیں۔ اتنے میں ابوّ ڈھیر سارے امرود لائے۔

حامد نے کہا۔۔۔ ''ابّو ! یہ کیا؟ امرود ہم سب تو کھائیں گے، پر دادی ماں کے دانت ہی نہیں ہیں۔''

اور رضیہ نے کہا۔۔۔ ہاں ہاں، اور ان کی طبیعت بھی خراب رہتی ہے۔ اس سے سردی، زکام ہو جائے گا۔

ابوّ نے کہا۔۔۔ بچو! اب اس کا جواب دادی ماں سے ہی سُن لو۔

سارے بچّے دادی ماں کے گرد بیٹھ گئے۔

دادی ماں نے کہا۔۔۔ دیکھو بچوّ ! اللہ نے ہمیں ہر طرح کی نعمتوں سے نوازا ہے۔ اس لئے اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ یہ پھل اور میوے ہماری صحت کے لئے فائدہ مند ہیں۔ ہاں اس کا بے جا یا غلط استعمال مضر ہو سکتا ہے۔''

''کیا کہا بیٹے حامد۔۔۔؟ میرے دانت نہیں ہیں۔ یہ دیکھو تمہارے ابوّ، میرے لئے پکے ہوئے امرود لائے ہیں۔ ان کو میں آسانی سے کھا سکتی ہوں۔ اور تم لوگ کچّے پھل کھانے میں لذّت محسوس کرتے ہو۔

@JKTBS NOT TO BE REPUBLISHED

’’امرود کو جام بھی کہتے ہیں ۔۔۔اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں ۔جن میں ایک کا گودا سفید ہوتا ہے اور دوسرا وہ جس کا گودا لال رنگ کا ہوتا ہے ۔یہ پھل کئی طرح سے فائدہ مند ہے ۔ اس سے خون صاف ہوتا ہے ۔ اسے بطور پھل کھاتے ہیں اور دسترخوان پر سلاد کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ارے ہاں بیٹا رضیہ۔۔۔تم نے کیا کہا؟

اس کے کھانے سے سردی اور زکام ہوتا ہے؟ دیکھو اللہ نے جب ہمیں اتنی نعمتوں سے نوازا ہے تو اُسے کھانے کے بھی کچھ طریقے ہوتے ہیں۔اگر ان طریقوں کو اپنائیں تو وہ نقصان نہیں پہنچاتیں، جیسے امرود یعنی جام کو اگر نمک اور کالی مرچ کے ساتھ کھائیں تو وہ مزہ بھی دیتا ہے اور نقصان بھی نہیں ہوتا۔ہاں یہ بات ضرور یاد رکھیں کہ امرود کے کھانے کے بعد فوراً پانی نہ پئیں کیونکہ اس سے گلے میں خراش پیدا ہوتی ہے سردی اور زکام کا خدشہ بھی ہوتا ہے۔اس پھل میں وٹامن ہوتے ہیں جو ہماری صحت کے لئے بہت ضروری ہیں اور آپ تمام بھی سن لو۔اس پھل کے جہاں فائدے ہیں وہیں اُس درخت کی چھال بھی کافی فائدہ مند ہے۔اگر کسی کے مسوڑھے پھول گئے ہوں اور درد کر رہے ہوں تو اس درخت کی چھال کو پانی میں اُبال لیں اور اس پانی سے غرارے اور کُلیاں کریں تو فائدہ ہوگا۔ یہ

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دادی ماں کا نسخہ ہے۔

چلو اب باتیں بہت ہوئیں۔ کھانا کھالو اور جلدی گھر چلو۔ موسم کا مزاج بگڑ رہا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ موسم کے ساتھ ہمارا مزاج بھی بگڑ جائے اور سارا الزام امرود کے سر آجائے۔

سبھی نے کھانا کھایا اور گاڑی میں بیٹھ کر خوشی خوشی گھر پہنچے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. پڑھیے اور سمجھیے۔

امرود	=	جام
گودا	=	مغز
مضر	=	نقصان دہ
فارغ	=	مطمئن، آزاد
وٹامن	=	حیاتین
خراش	=	گلے کی خرخراہٹ
چھال	=	چھلکا
جائزہ	=	جانچ پڑتال
مصروف	=	مشغول، کام میں لگا ہوا
لذّت	=	مزہ، ذائقہ

انتظام	=	اہتمام، بندوبست
خدشہ	=	خوف، اندیشہ، خطرہ
سلاد	=	کچّے ساگ اور پھل (جنہیں کھانے کے ساتھ دسترخوان پر چکھنے کے لئے سجایا جاتا ہے)

II. ذیل میں دیئے گئے جملوں میں صحیح کو (✓) کا نشان اور غلط کو (X) کا نشان لگائیے۔

1- حامد اور رضیہ مدرسے سے گھر لوٹے۔ ☐

2- باغ میں امرود کے درخت تھے۔ ☐

3- امرود کے درخت پر امرود نہیں تھے۔ ☐

4- بچّے کھیل کود میں مصروف ہو گئے۔ ☐

5- سارے بچّے پھوپی کے گرد بیٹھ گئے۔ ☐

III. جوڑ لگائیے۔

1- امرود کو	صحت کے لئے فائدہ مند ہیں۔
2- ہمیں اللہ تعالیٰ کا	جام بھی کہتے ہیں۔
3- پھل اور میوے	وٹامن پائے جاتے ہیں۔
4- امرود میں	شکر ادا کرنا چاہیئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1- امرود کو ۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

2- امرود کا بے جا استعمال ۔۔۔۔۔۔۔ہو سکتا ہے۔

3- امرود کھانے کے بعد فوراً ۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں پینا چاہیئے۔

4- امرود کھانے سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صاف ہوتا ہے۔

(نمک، کالی مرچ ، مضر ، پانی ، خون)

V. ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1- چھٹی کے دن کہاں جانے کا پروگرام تھا؟

2- امرود کا دوسرا نام کیا ہے؟

3- بچے پکنک منانے کے لئے کہاں گئے؟

4- بچے کس کے گرد بیٹھے تھے؟

5- دسترخوان کس نے چنا؟

VI. ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1- پکنک منانے کے لئے کون کون گئے؟

2- امرود کے درخت کی چھال سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

3- امرود کے استعمال سے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. اضداد لکھیے۔

الفاظ	مریض	فائدہ	صبح	سردی	کچّا
اضداد	تندرست				

VIII. اضداد لکھیے۔

واحد	فائدہ	باغ	میوہ	نسخہ	قسم
جمع	فوائد				

عملی کام:

مختلف پھلوں میں پائے جانے والے وٹامن کے بارے میں بتائیے۔
مختلف پھلوں کی تصاویر جمع کیجیے۔

معلومات

1- امرود کو جام بھی کہا جاتا ہے۔
2- 15 ویں صدی میں امرود جنوبی امریکہ سے ہندوستان آیا۔
3- پھلوں کا استعمال صحت کے لئے مفید ہے۔
4- امرود، آم، سیب، سنترہ، انار وغیرہ کو غذا کے علاوہ استعمال کریں تو فائدہ ہوگا۔
5- امرود میں وٹامن اے بی سی کے علاوہ فائبر (ریشہ) بھی پایا جاتا ہے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED